<"xml encoding="UTF-8?>

حج

۱سوال: کیا عورت مرد کی طرف سے اور مرد عورت کی طرف سے نیابتی حج کر سکتے ہیں؟
جواب: ہاں ایک دوسرے کی طرف سے نیابتی حج انجام دے سکتے ہیں۔
۲
سوال: نیابتی حج میں طواف نساء کا کیا فائدہ ہو سکتا ہے جبکہ شوہر و بیوی مر چکے ہیں؟
جواب: نیابتی حج میں طواف نساء کا فائدہ نایب شخص کو ہوگا، مر نے والوں کو نہیں۔
۳
سوال: عمرہ مفردہ پر جانے والا کس میقات سے احرام باندھے گا، اگر اس کا سفر ہوائی ہو تو کیا وہ جدہ سے احرام باندھ سکتا ہے؟
جواب: جدہ سے نذر کرنے کے ذریعے احرام باندھ سکتا ہے، اور نذر کے لیے خاص صیغہ یا اس کے ترجمے کا زبان پے جاری کرنا ضروری ہے۔
۴
سوال: ۲٦۔ جس نے آج تک خمس نہ نکالا ہو اگر وہ عمرہ پر جا رہا ہو تو کیا عمرہ کے مخارج کا خمس نکال کر باقی کا حساب بعد میں کر سکتا ہے؟
جواب: ایسا کر تو سکتا ہے لیکن خمس میں تاخیر کرنا گناہ ہے۔
۵
سوال: اگر کوئی حج پر جانے کی خاطر اپنے زیورات بیچ رہا ہے تو کیا ان پر خمس واجب ہے؟
جواب: جو اس کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے اگر ہدیہ نہ ہو تو وہ سال کے منافع میں حساب ہوگا اور اگر وہ منافع خمس کے دن تک خرچ نہ ہوا ہو تو اس پر خمس واجب ہو جائے گا۔
۶
سوال: مہربانی کرکے یہ بتائیں کہ طواف میں سات چکر ہی کیوں لگائے جاتے ہیں؟
جواب: تمام احکام شرعی کی علتوں کا ہمیں علم نہیں ہے،جو کچھ شارع مقدس (اللہ و رسول (ص) نے حکم دیا ہے اس کا بجا لانا ضروری ہے۔
۷
سوال: ۲۱۔ آپ کی حج کی کتاب (مناسک حج) کے مسئلہ ۲۴۲ کے مطابق علاج کی غرض سے حج کے اعمال اور ارکان کے دوران طبی بیلٹ سے استفادہ کیا جا سکتا ہے تو کیا یہ حکم کمر کی مہروں کو کنٹرول کرنے والی بیلٹ پر بھی جاری ہو سکتا ہے؟
جواب: ڈیسک کے لیے طبی بیلٹ کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔
۸

سوال: ۵ سال سے میری والدہ پر حج واجب ہے مگر وہ تنہا جانے کے خوف سے اور اس امید پر کہ اگلے سال والد صاحب کے ساتھ جائیں گی، حج میں تاخیر ہوتی رہی۔ اب جبکہ بعض اسباب کی بناء پر والد صاحب بھی ان کے ساتھ نہیں جا سکتے تو کیا انہیں حج پر جانا چاہیے یا نہیں؟
جواب: عورت کے حج پر جانے کے لیے شوہر کا ساتھ ہونا شرط نہیں ہے،اگر ان پر حج واجب ہے تو انہیں جانا چاہیے۔
۹
سوال: اگر کوئی طواف یا سعی نہ کرے اور موالات ختم کیے بغیر دوبارہ شروع کرے تو اس کا کیا حکم ہے؟ آپ نے لکھا کہ اگر جاہل مقصر ہو تو کوئی حرج نہیں ہے،اور جاہل قاصر و مقصر سے کیا مراد ہے؟
جواب: جاہل مقصر وہ ہے جس نے شرعی مسائل سیکھنے میں کوتاہے کی ہو اور اگر اس نے کوتاہی نہیں کی ہے تو وہ جاہل قاصر ہے۔
۱۰
سوال: اگر کوئی جدہ سے احرام باندھنے کے بعد مکہ چلا جائے اور یاد آئے کہ وہ موقف جانا بھول گیا ہے تو اسے کیا کرنا چاہیے؟ کفارہ دینا چاہیے یا جحفہ جاکر دوبارہ احرام باندھنا چاہیے؟
جواب: اسے میقات جاکر دوبارہ احرام باندھنا چاہیے اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو حرم سے باہر نکل کر احرام باندھے گا اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو جہاں ہے وہیں پر دوبارہ احرام باندھ سکتا ہے۔
۱۱
سوال: کیا آپ کی نظر میں جدہ میقات کے محاذی ہے اور کیا وہاں سے احرام باندھا جا سکتا ہے؟
جواب: حضرت آیت اللہ کی نظر میں جدہ میقات کے محاذات سے پہلے ہے، ہاں نذر کرنے کے ذریعے وہاں سے احرام باندھا جا سکتا ہے، اور نذر کے لیے خاص صیغہ یا اس کے ترجمے کا زبان پے جاری کرنا ضروری ہے۔
۱۲
سوال: میری اہلیہ پر اس سال حج واجب ہو گیا ہے اور حج کے تمام وسائل فراہم ہیں مگر وہ حاملہ ہیں۔ حج کو ابھی چار مہینے باقی ہیں اور چونکہ انہیں قافلہ کے ساتھ جانا پڑے گا اور ہم میں سے کوئی ساتھ نہیں ہوگا اور یہ بھی صحیح نہیں معلوم کہ سفر ان کے یا بچے کے لیے نقصان دہ ہو سکتا ہے، سقط کا بھی احتمال ہو سکتا ہے جبکہ ڈاکٹر بھی واضح جواب نہیں دے رہے ہیں تو اس صورت میں میرا کیا وظیفہ ہے؟
جواب: اگر سقط یا نقصان کا خطرہ ہو تو اس سال حج ساقط ہے۔
۱۳
سوال: میں ایک نوکری پیشہ انسان ہوں، ایک ماہ قبل حج اور عمرہ سے مشرف ہوا ہوں، سارے اخراجات خود میں نے برداشت کیے ہیں، کیا لباس اور دوسرے چیزوں کے لیے مجھے خمس دینا چاہیے تھا؟
جواب: جو کچھ آپ نے خرچ کیا ہے اگر وہ اس سال کے خرچے میں سے تھا تو اس پر خمس واجب نہیں ہے اور سال کا آغاز نوکری کے پہلے دن سے ہوگا۔
۱۴
سوال: کیا خواتین مہر کے پیسے سے حج کر سکتی ہیں؟
جواب: اگر مہریہ کے پیسے کے ذریعے مستطیع ہے تو حج واجب ہے۔
۱۵

سوال: میں شوگر (ڈائبیٹیز) کا مریض ہوں اور انسولین کا انجیکشن لینا میرے لیے نہایت ضروری ہے، لہذا احرام کے بعد میرا کیا وظیفہ ہے؟
جواب: آپ انجیکشن لے سکتے ہیں، کوئی حرج نہیں ہے۔
۱۶
سوال: میں نے عمرہ مفردہ میں تقصیر کے وقت صرف ناخنوں کو چھوٹا کیا تھا، اب ایران آنے کے بعد معلوم ہوا کہ آپ کے فتوی کے مطابق مجھے بال بھی کٹوانا چاہیے تھا، میرا وظیفہ کیا ہے؟
جواب: آپ احتیاطا اپنے بال تقصیر کی نیت سے چھوٹے کروالیں، اور اگر ممکن ہو تو بال کو منا بھیجیں۔
۱۷
سوال: کیا شوہر کو حج کرنے کے لیے بیوی کی اجازت لینا ضروری ہے؟
جواب: نہیں، ضرورت نہیں ہے۔
۱۸
سوال: خواتین کا بھووں کو گودنا (tattos) حج کے لیے کیا حکم رکھتا ہے؟
جواب: کوئی حرج نہیں ہے۔
۱۹
سوال: مسجد شجرہ سے احرام باندھنے کے بعد، نماز عشاء کے وقت مکہ مکرمہ کی طرف چھت والی گاڑیوں سے سفر کرنا مردوں کے لیے کیا حکم رکھتا ہے؟
جواب: اگر بارش نہ ہو تو حرج نہیں ہے۔
۲۰
سوال: کیا سایہ کا اطلاق رات میں بھی ہوتا ہے؟
جواب: رات میں اس کا اطلاق نہیں ہوتا، لیکن اگر بارش آرہی ہو تو احتیاط واجب کی بناء پر چھت والی گاڑی سے سفر نہ کریں۔
۲۱
سوال: حرام اور غصبی مال سے حج کرنے کا کیا حکم ہے؟
جواب: اگر طواف کا لباس اور قربانی کا پیسہ غصبی نہ ہو تو اس کا حج اور عمرہ صحیح ہے اگر چہ اس غصبی مال کا ادا کرنا اس کے ذمہ واجب ہے۔
۲۲
سوال: ایسے حاجی کے حج کا کیا حکم ہے جس کے ذمہ اس کی بیوی بچوں کے حقوق باقی ہوں؟
جواب: ان کے حقوق حج یا عمرہ کے بطلان کا سبب نہیں ہوں گے۔
۲۳
سوال: اگر حاجی شک کرے کہ اس کے ذمہ کسی کا کوئی حق باقی ہے یا نہیں تو اسے کیا کرنا چاہیے؟
جواب: اس کے ذمے کچھ نہیں ہے۔

۱سوال: کیا سائے کا اطلاق رات میں بھی ہوتا ہے؟
جواب: نہیں، سایہ کا اطلاق رات میں نہیں ہوتا، مگر برسات کی راتوں میں احتیاط واجب کی بناء پر محرم کو چھت والی گاڑی میں سفر نہیں کرنا چاہیے۔
۲سوال: کیا رات میں میقات سے مکہ مکرمہ جاتے ہوئے چھت والی گاڑی میں بیٹھا جا سکتا ہے؟
جواب: جایز ہے۔